نوائے سندھ

بلاول بھٹو کا اقلیتوں کے حقوق سے متعلق موقف ہمیشہ مثالی، گیانچند ایسرانی

تھانہ بولا خان میں گوردوارا صاحب کا افتتاح کیا، عوام کے مسائل سنے

جام شورو (نامہ نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور گیانچند ایسرانی نے تھانہ بولا خان میں محکمہ اقلیتی امور کی جانب سے گوردوارا صاحب کے لیے 20 کے وی کے سولر سسٹم اور ہال و کمروں کی تعمیر کے منصوبے کا افتتاح کیا لوگوں سے ملاقاتیں کی اور ان کے مسائل سنے۔ اس موقع پر لوگوں کی کثیر تعداد سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ محکمہ اقلیتی امور کے تحت ہر سال ترقیاتی اور فلاحی اسکیموں کے لیے کثیر رقم مختص کی جاتی ہے جس میں عبادت گاہوں کے لیے اسکیمیں، غریب طلبہ کے لیے اسکالرشپ، جبری تبدیلی، قدرتی آفات کے متاثرین کے لیے امداد شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا اقلیتوں کے حقوق سے متعلق موقف ہمیشہ دوٹوک اور مثالی رہا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی زیر قیادت پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتوں کے حقوق کے معاملات پر نہ پہلے مصلحت کا شکار ہوئی ہے نہ آئندہ کبھی ہوگی۔ پاکستان میں اقلیتی حقوق کے تحفظ اور فروغ کے باب میں پی پی پی کی جدوجہد اور اقدامات تاریخی ہیں۔ گیانچند ایسرانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ صوبے میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ اقلیتی امور سندھ انقلابی اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔ گیانچند ایسرانی نے کہا کہ اپنی کارکردگی کی بدولت ہی پیپلز پارٹی آئندہ بھی برسر اقتدار آئے گی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ملک ترقی کی نئی منازل طے کریں گے۔

جام شورو، صوبائی وزیر گیانچند ایسرانی تھانہ بولا خان میں گوردوارا صاحب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پولیس مقابلے میں ملزم زخمی حالت میں گرفتار

کنڈ ھکوٹ (نامہ نگار) پولیس کو دیکھ کر فائرنگ کرنے والا ملزم مقابلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار اسلحہ برآمد پولیس نے چار مشکوک افراد کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی ہائی پاس پے پولیس کی بڑی نفری پہنچ کر فائرنگ کی تفصیلات کے مطابق؛ کنڈ ھکوٹ اے سیکشن تھانہ کی حدود ہائی پاس پر فلک مارچ پہنچا اور چیکنگ کے دوران ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھ فائرنگ کی جس کے بعد بڑی تعداد میں پولیس نفری اور رینجرس پیچھے روانہ ہوگئی۔

حیدرآباد میں جرائم، 6 تھانیدار، 2 ہیڈ محرر کیخلاف محکمانہ کارروائی کا حکم

ایس ایچ او ز تھانہ مکی شاہ، ٹنڈو یوسف، پھلیلی، حالی روڈ، بی سیکشن و تھانہ بڈھانی شامل

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیدرآباد آرگنائز کرائم کے کنٹرول نہ کرنے پر 6 ایس ایچ او ز 2 ہیڈ محرر کے خلاف محکمانہ سزا کا محکمہ جاری، ایس ایس پی حیدرآباد ساجد امیر سدوزئی نے آرگنائز کرائم کی موجودگی و کنٹرول نہ کرنے پر ایس ایچ او ز تھانہ مکی شاہ، ٹنڈو یوسف، پھلیلی، حالی روڈ، بی سیکشن و تھانہ بڈھانی شامل ہیں جبکہ ہیڈ محرر میں تھانہ حالی روڈ و تھانہ بی سیکشن شامل ہیں ایس ایس پی حیدرآباد کے محکمانہ کے تحت مذکورہ افسران کی ایک سال کی مدت سروس منہا کر دی گئی۔

قمر سب جیل کی چھت توڑ کر مفرور 14 قیدی دوبارہ گرفتار

نصیرآباد (نامہ نگار) قمر شہدادکوٹ پولیس کی زبردست کارروائی قمر سب جیل کی چھت توڑ کر 15 قیدی فرار ہونے کا معاملہ 24 گھنٹوں کے اندر 14 فرار قیدی دوبارہ گرفتار ایس ایس پی توحید رحمان نے کہا کے مقدمے میں پولیس اے ایس آئی سمیت چھ اہلکاران اور 15 فرار قیدیوں کو معطل کیا گیا ہے، ایس ایس پی نے کہا کہ سب جیل قمر سے فرار ہونے والے 14 قیدیوں کو دوبارہ گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں لاپرواہی اور غفلت برتنے کے دفعات شامل کی گئے ہیں غفلت برتنے والے تین پولیس اہلکار گرفتار ہیں اور تین پولیس اہلکار روپوش ہو گئے ہیں جن کو محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے معطل اور سسپنڈ کیا گیا ہے فرار ہونے والے 14 ملزمان کو آج قمر کی سیشن عدالت میں پیش کیا جائیگا عملے کی اسکریننگ کا بھی حکم دے دیا گیا۔

زرعی انقلاب، گرین آرٹیفیشل انٹیلی جنس اہمیت کا حامل ہے، ڈاکٹر فتح مری

سندھ زرعی یونیورسٹی میں گرین اے آئی سیمینار، ڈاکٹر توصیف رحمان، ڈاکٹر اسماعیل و دیگر کا خطاب

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) سندھ زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر فتح مری نے کہا ہے کہ ملک میں جدید زرعی انقلاب و زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کے عملی نظام کو رائج کرنے کیلئے گرین آرٹیفیشل انٹیلیجنس اہمیت کا حامل ہے، ہم دنیا سے مدمقابل ہونے کیلئے ٹیکنالوجی کی اہمیت سے زیادہ دیر دور نہیں رہ سکتے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندھ زرعی یونیورسٹی کی زیر میزبانی گرین اے آئی سیمینار کے دوران صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا، سندھ و بلوچستان میں جدید زرعی نظام کے نفاذ سے پیداوار میں زبردست اضافہ ہو سکتا ہے، ترقی یافتہ ممالک گرین اے آئی ایکو سسٹم، جی آئی ایس، سمارٹ ایگریکلچر فارمنگ، ریموٹ سینسنگ، سمارٹ آلات و ایکوا پونک نظام سے شاندار نتائج حاصل کر رہی ہے، اس لئے ہمیں اپنے روایتی زرعی نظام کو تبدیل کرنا ہوگا، فیکلٹی آف ایگریکلچرل انجینئرنگ کے ڈین ڈاکٹر الطاف سیال نے کہا کہ ملک میں تیزی سے آبادی بڑھ رہی ہے، عام کسان جدید ٹیکنالوجی کا حصول و ٹیکنالوجی کے استعمال سے لاعلم ہے، ابتدا میں بڑے پیمانے کی فارمنگ پر تجربات شروع ہو سکتے ہیں، موجودہ جدید دور میں بھی اکثر ترقی پسند کسان بھی ڈرون، آئی او ٹی، جی پی ایس جیسی ٹیکنالوجی سے دور ہیں، گرین اے آئی کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ایئر کموڈور ڈاکٹر توصیف رحمان نے اپنے خطاب کے دوران بتایا کہ گرین اے آئی کے تجربات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا پاکستان میں جدید زرعی انقلاب کے اشد ضرورت ہے، ہمیں پاور ٹیکنالوجی کے محفوظ استعمال سے لیکر آرٹیفیشل انٹیلیجنس، جی آئی ایس سسٹم، ریموٹ سینسنگ، ہائیڈروپونک و جدید سمارٹ لائیو نظام و جدید آلات پر کام شروع کریں گے، پروفیسر ڈاکٹر محمد اسماعیل گھبر نے کہا سندھ زرعی یونیورسٹی، زرعی تدریسی تحقیقی ادارے و خانگی سیکٹر ملک زرعی ترقی میں کردار ادا کر سکتے ہیں اس قسم کے منصوبوں سے ہم زراعت میں خودکفیل ہو سکتے ہیں۔

جامشورو، سندھ زرعی یونیورسٹی میں گرین اے آئی سیمینار سے وائس چانسلر ڈاکٹر فتح مری خطاب کر رہے ہیں

لاڑکانہ پولیس کی کارروائیاں، سنگین مقدمات میں مطلوب 6 ملزمان گرفتار

اسلحہ، منشیات، 6 مسروقہ و چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور دو موبائل فونز برآمد

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) لاڑکانہ پولیس نے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے سنگین نوعیت کے مقدمات میں مطلوب و مفرور 6 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ، منشیات، 6 چوری شدہ و چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور دو موبائل فونز برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے ہیں، تفصیلات کے مطابق ماہوٹا پولیس نے ملزم نعمت سولنگی کو بغیر لائسنس کا شکوف نما اسلحہ سمیت، حیدری پولیس نے سرگرم ملزم کرم ہوتی کو بغیر لائسنس پسٹل اور گولیوں سمیت، مارکیٹ پولیس نے ملزم ثاقب چانڈیو کو بغیر لائسنس پسٹل اور گولیوں سمیت، مطلوب و منشیات فروش پکل شیخ کو چرس سمیت، لاشاری پولیس نے عبدالحی بروہی کو مقدمے میں ملوث و مطلوب ملزم امداد بروہی کو بغیر لائسنس پسٹل اور گولیوں سمیت، وڈی پولیس نے منشیات فروش نواز شیخ کو ہیروئن سمیت گرفتار کر لیا، دوسری جانب ماہوٹا پولیس نے راشد علی ماہوٹ کی چھینی گئی موٹر سائیکل، ولید پولیس نے الطاف حسین، علی گل بنھبر اور محمد مراد منجھری کی چوری شدہ اور چھینی گئی تین موٹر سائیکلیں، رحمت پور پولیس نے کاشف علی لہر سے چھینی گئی موٹر سائیکل اور دو موبائل فونز اور شہید عبدالمالک بھٹو پولیس نے شیری الھ ورایو بجارانی کی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لی ہے، پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف ایسے مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔

ٹنڈو محمد خان میں مجالس اعزا اور جلوس

ٹنڈو محمد خان (نامہ نگار) ٹنڈو محمد خان میں محرم الحرام کے سلسلے میں کربلا کے شہیدوں کی یاد میں یا حسین کی صداؤں سے مجلسوں اور عزاداری کا سلسلہ جاری۔ شہر کی مرکزی سیر کے پڑ میں سالانہ مجلس عزاء منعقد کی گئی، جس کو علامہ اختر علی مشہدی نے خطاب کیا۔ مجلس کے فوری اعداد انجمن امینیہ کی جانب سے عزاداری منعقد کی گئی جس میں کراچی۔ حیدرآباد۔ سجاول۔ بدین۔ تاتلی۔ ٹنڈو الہیار۔ ٹنڈو جام سمیت سندھ کے چھوٹے بڑے شہروں کی انجمنیں شامل ہوئیں۔ جبکہ ملک کے مشہور نوحہ خواں حسن صادق۔ ضامن علی نے نوحہ خوانی کر کے کربلا کے شہیدوں کی یاد کو تازہ کیا۔ دوسری جانب شہر کے مختلف پڑوں سے عزادار بخاری والے پڑ پہنچے جہاں پر عزاداری کی گئی۔ اسی طرح سے مرکزی انجمن الحیدری کی طرف سے امام بارگاہ امینیہ میں مجلس عزاء منعقد کی گئی۔

دریا خان پمپنگ اسٹیشنوں کی تمام موٹریں بند، میئر حیدرآباد کا اظہار برہمی

ڈی جی ڈی ایچ اے اور ایم ڈی واسا کو انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) میئر حیدرآباد کاشف علی شورو کا شہر کے مختلف علاقوں و پمپنگ اسٹیشنوں کے دوروں کا سلسلہ منگل کو بھی جاری، دریا خان پمپنگ اسٹیشنوں کی تمام موٹریں بند دیکھ کر میئر حیدرآباد کا اظہار برہمی، ڈائریکٹر جنرل ایچ ڈی اے اور ایم ڈی واسا کو واقعہ کی غیر جانبدارانہ انکوائری کر کے جلد از جلد رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت، میئر حیدرآباد کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں و پمپنگ اسٹیشنوں کے دوروں کا سلسلہ منگل کو بھی جاری رہا، اس موقع پر متعلقہ افسران و منتخب ٹاؤن و یوسی نمائندگان ان کے ہمراہ موجود تھے، مکھی ایاز روڈ قاسم آباد، تسمی داس روڈ، قدم گاہ مولا علی روڈ، باچا خان چوک، گرومندر، حالی روڈ و پریٹ آباد پہنچے جن مقامات پر بارش کا پانی تا حال موجود ہے وہاں موقع پر ہی ایم ڈی واسا کو نکاسی آب کا عمل تیز کرنے کی ہدایت جاری کیں، حالی روڈ پمپنگ اسٹیشن، تسمی داس پمپنگ اسٹیشن و دریا خان پمپنگ اسٹیشن پر نکاسی آب کے عمل کا تفصیلی معائنہ کیا، تسمی داس پمپنگ اسٹیشن پر انہیں بتایا گیا کہ یہاں نصب 100 ہارس پاور کی موٹر بجلی نہ ہونے کی وجہ سے بند ہے جبکہ برساتی پانی کی عدم نکاسی کی وجہ علاقے کے دکاندار، عوام و مزدور سخت اذیت سے دوچار ہیں جس پر میئر حیدرآباد نے فوری طور پر جنریٹر فراہم کرنے کی ہدایت کی، دریا خان پمپنگ اسٹیشن پہنچے تو وہاں نصب تمام موٹروں کو بند پایا۔ اس صورتحال پر انہوں نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔

حیدرآباد، لوڈشیڈنگ میں اضافہ

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) ماہ ایام عزا کے شروع ہوتے ہی حیدرآباد شہر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی کے بجائے تین گنا اضافہ کر دیا گیا ہے، ویسے تو رات 9 بجے کے بعد سوئی گیس کی سپلائی بھی بند کر دی جاتی تھی لیکن آج 6 محرم کی صبح سے ہی جاتی شاہ محلہ، 3 نمبر تالاب و دیگر علاقوں میں سوئی گیس کی سپلائی مکمل طور پر بند کر دی گئی ہے، جس کی وجہ سے عوام کو نذر نیاز کی تیاری میں شدید دشواریاں پیش آ رہی ہیں۔

سکرٹریٹ، ڈاکٹر انور راول، عبدالجبار، محمد علی اپنے مطالبات کے حق میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاڑکانہ میں چوری کی واردات

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) لاڑکانہ شہر کے تھانہ علی گوہر آباد کی حدود ساغیار روڈ کے علاقے میں میں نامعلوم چوروں نے کراچی گئے ہوئے معروف وکیل عرفان حیدر بھٹی کے گھر کے تالے توڑ کر 3 تولے طلائی زیورات، 10 ہزار روپے کے 4 سٹیبلائزر، 200 وولٹ کی بیٹری اور 10 لاکھ روپے مالیت کا گھریلو سامان چوری کر کے فرار ہو گئے۔

کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق

نواب شاہ (نامہ نگار) محلہ گولیمار نزد قاسمی احمد موز گھر میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے اٹھائیس سالہ نوجوان محمد عاطف والد محمد اشرف آرائیں جاں بحق ہو گیا۔

سیشن جج سانگھڑ جلال حیدر میمن کے اعزاز میں الوداعی تقریب

ٹنڈو آدم (ذیشان راہی) ٹنڈو آدم تعلقہ بار کونسل ایسوسی ایشن کی جانب سے سیشن جج سانگھڑ جلال حیدر میمن کی مدت ملازمت پوری ہونے پر انکے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد سول کورٹ بلڈنگ ٹنڈو آدم میں کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سیشن جج سانگھڑ جلال حیدر میمن کی مدت ملازمت پوری ہونے پر ٹنڈو آدم تعلقہ بار ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ عبداللہ خان کلہوڑو، نائب صدر ایڈووکیٹ عطاء اللہ رند، جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ اشرف منصور، ثناء اللہ جونیجو، عمران بشیر، الطاف حسین جونیجو، راشد علی خان، جاوید ملک، عابد مری، و دیگر وکلاء نے سیشن جج سانگھڑ جلال حیدر میمن کا شاندار استقبال کیا۔

انتخابی عمل میں نوجوانوں کی شمولیت کے حوالے سے آگاہی سیمینار

نواب شاہ (بیورو رپورٹ) ضلع الیکشن کمشنر آفیسر شہید بینظیر آباد کی جانب سے انتخابی عمل میں نوجوانوں کی شمولیت کے حوالے سے ایک آگاہی سیمینار چائلڈ پروٹیکشن یونٹ نواب شاہ میں منعقد ہوا اس موقع پر آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر شہید بینظیر آباد پرویز احمد کلوڑ، ریٹرننگ آفیسر سوشل ویلفیئر میر حسن بروہی، منظور حسین ملاح، الیکشن آفیسر شہاب الدین اور فوکل پرسن سرور احمد میمن نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی خصوصی ہدایات پر نوجوان نسل کو ووٹ کے اندراج اور ووٹ عمل کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے ضلع کے مختلف اداروں میں آگاہی سیمینار منعقد کیے جا رہے ہیں جس کا مقصد نوجوان نسل کو اپنے ووٹ کی اہمیت کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔

نواب شاہ، الیکشن کمشن کے تحت آگاہی سیمینار سے الیکشن کمشنر پرویز احمد کلوڑ خطاب کر رہے ہیں

سالانہ عام اجلاس کا نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ انصاری شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا 29 واں (انچیسواں) سالانہ اجلاس بدھ 16 اگست 2023 کو صبح 11:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دیہہ جگسیانی، تعلقہ ٹنڈو غلام حیدر، ضلع ٹنڈو محمد خان، حیدرآباد، سندھ میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

A. عمومی امور

- مورخہ 21 مارچ 2018 کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔
- مورخہ 30 ستمبر 2018، 30 ستمبر 2019، 30 ستمبر 2020، 30 ستمبر 2021 اور 30 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز JASB ایسوسی ایٹس چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، سبکدوش ہو چکے ہیں اور اہل ہیں اور اس لیے انھوں نے دوبارہ تقرری کے لیے خود کو پیش کیا ہے۔
- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کی شرائط کے مطابق 16 اگست 2023 سے شروع ہونے والے تین (03) سالوں کے لیے کمپنی کے سات ڈائریکٹرز (07) کا انتخاب کرنا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ خواجہ انور مجید	2۔ خواجہ علیم مجید	3۔ وحید احمد	4۔ اورنگزیب خان
5۔ داؤدی مورکاس	6۔ اقبال بلیدی	7۔ راشد احمد خان	

B. خصوصی امور

- کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو منسلکہ کمپنیوں کے ساتھ سرمایہ کاری کا معاہدہ کرنے اور متعلقہ کمپنیوں میں سرمایہ کاری کی جانے والی سرمایہ کاری کی منظوری دینے کے لیے ایک قرارداد پر غور اور منظور کرنا۔
- کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 199 اور کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز 2012 کے تحت متعلقہ کمپنیوں میں سرمایہ کاری کی حدود کے لیے شرائط و ضوابط جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے شق (3)134 کے ضمیمہ A میں مذکور ہیں کے تحت رضامندی اور منظوری حاصل کرنا۔
- کمپنی کی سالانہ رپورٹ کو ای میل کے ذریعے ممبران تک ارسال کرنے پر غور و خوض اور منظوری دینا۔ SECP کی جانب سے ایس آر او 787(1)2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے جاری کردہ ہدایات کے مطابق، SECP نے کمپنی کو ای میل کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو گردش کرنے کے لیے اپنے اراکین سے منظوری لینے کی ہدایت کی ہے۔ تاہم، کمپنی کسی بھی رکن کو ان کے مطالبے پر سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپیاں ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔
- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 470(1)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کے تحت، سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، اجلاس عام کے نوٹس اور اس میں موجود کمپنی کی دیگر معلومات یا تو CD یا DVD یا USB کے ذریعے یا ہارڈ کاپی (کتابی شکل) کی شکل میں ترسیل کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز کی رضامندی حاصل کرنا۔
- دونوں کمپنیوں کے مابین طے شدہ قیمت پر پراکسی اشیاء (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مولیسس (گڑ) کی فروخت کرنے کے لیے کمپنی کو منظوری اور اجازت دینا۔
- صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

کراچی
تاریخ: 26 جولائی 2023

برائے انصاری شوگر ملز لمیٹڈ
کمپنی سیکرٹری

نوٹس:

• شیئر ٹرانسفر کتب کی بندش:
کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتب 09 اگست 2023 سے 16 اگست 2023 تک (دونوں دن سمیت) بند رہے گی۔ ہمارے رجسٹرار، میسرز ایرو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ 404، چوتھی منزل، لریڈ ٹاور، عبداللہ ہارون روڈ، نزد میٹروپولیٹن ہوٹل، صدر، کراچی کے دفتر میں مورخہ 08 اگست 2023 کو کاروبار کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک موصول ہونے والی منتقلیوں کو اجلاس میں شرکت کے لیے بروقت سمجھا جائے گا۔

• سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور پراکسیز کا تقرر:
AGM میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل کمپنی کا رکن کسی دوسرے ممبر کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز مؤثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئر رجسٹرار کے دفتر میں موصول ہو جائیں۔
CDC اکاؤنٹ ہولڈرز/ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ شناختی مقصد کے لیے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے ساتھ اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ اور شرکاء ID نمبر اور CDC اکاؤنٹ نمبر ہمراہ لائیں۔ اگر ممبران کی جانب سے پراکسیز مقرر کی جاتی ہیں تو اس کے ہمراہ CNIC کی تصدیق شدہ کاپیاں یا الیکٹرانک مالکان کے پاسپورٹ ہمراہ ہونا لازمی ہے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی ہمراہ شخص کے دستخط کے ساتھ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرایا جائے۔ نامزد شخص تصدیق کے لیے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC پیش کرنا ہوگا۔

• CNIC کاپیوں کی جمع آوری:
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایت کے مطابق رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز یا مجاز فرد/ سوائے نابالغوں اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز (CNIC) جمع کرانا ضروری ہے، کمپنی کی جانب سے SECP کے پاس جمع کرائے گئے سالانہ ریٹرن میں ان کا درج کرنا ضروری ہے۔ لہٰذا، جن شیئر ہولڈرز نے ابھی تک اپنے CNIC کی کاپیاں فراہم نہیں کی ہیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے CNIC کی تصدیق شدہ کاپیاں براہ راست ہمارے خود ساختہ شیئر رجسٹرار میسرز C&K مینجمنٹ ایسوسی ایٹس (Pvt) لمیٹڈ 404، فورتھ فلور، لریڈ ٹاور، عبداللہ ہارون روڈ، نزد میٹروپولیٹن ہوٹل، صدر، کراچی کو فراہم کر دیں۔

• منافع منقسمہ:
شیئر ہولڈرز کو یاد دلایا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 یہ فراہم کرتا ہے کہ کسی اسٹڈ کمپنی کی صورت میں، کمپنی کی طرف سے اعلان کردہ کوئی بھی نقد ڈیویڈنڈ الیکٹرانک طور پر براہ راست شیئر ہولڈرز کے بینک کھاتوں میں ادا کیا جانا چاہیے۔ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں ڈیویڈنڈ حاصل کرنے کیلئے، شیئر ہولڈر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.ansarisugar.com.pk پر دستیاب ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کو پُر کریں اور فزیکل حصص کی صورت میں کمپنی میسرز C&K مینجمنٹ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے رجسٹرار کو CNIC کی ایک تصدیق شدہ کاپی سے ارسال کریں۔ سی ڈی سی میں حصص رکھنے کی صورت میں، پھر ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکر/ شرکت کنندہ/ سی ڈی سی سرمایہ کار اکاؤنٹ سروس میں جمع کرایا جانا چاہیے۔ IBAN جمع نہ کرانے کی صورت میں، کمپنی کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دے گی۔ مزید برآں، مجموعی ڈیویڈنڈ انکم/ زکوٰۃ کی کٹوتی اور ڈیویڈنڈ کی خالص رقم سے متعلق معلومات سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ اس لیے شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ وہ خود کو CDC کے سروسز پورٹل https://eservices.cdcaccess.com.pk پر رجسٹر کریں۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی تعمیل میں، ایک بار جب کمپنی نے مقررہ ورکی کارروائیوں کو مکمل کر لیا، جو واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت یا اس سے زیادہ سے کوئی ڈیویڈنڈ اور/ یا حصص اقتباس یا دعوی نہ کیا گیا ہے (ڈیویڈنڈ کی صورت میں) وفاقی حکومت کو جمع کرا دیا جائے گا یا فزیکل صورت میں شیئرز SECP کے حوالے کر دیے جائیں گے۔ وہ حصص یا فنڈز جو کسی بھی وجہ سے اپنے غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ/ حصص کو جمع اور وصول نہیں کر سکے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ یا حصص، اگر کوئی ہیں، وصول کرنے/ ان کے بارے میں پوچھ گچھ کرنے کے لیے کمپنی کے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

• سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کی تبدیلی:
ایس ای سی پی نے اپنے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے تحت تمام اسٹڈ کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی دفعات پر عمل کریں، جس کے تحت تمام کمپنیوں سے ایکٹ کے نفاذ کے چار سالوں کے اندر فزیکل فارم میں جاری کردہ حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے مطابق، فزیکل فولیو/ شیئرز غیر لسٹڈ رکھنے والے کمپنی کے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرائیں۔ شیئر ہولڈرز سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں مدد معاونت لیے پی ایس ایکس ممبر ہی ڈی سی شریک، یا سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ سروس پر وہ ایڈوائزر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ بک انٹری فارم میں شیئرز کو برقرار رکھنے کے بہت سے فوائد ہیں، جس میں سی ڈی سی کے ساتھ حصص کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کے لیے درکار کارروائیوں سے گریز وغیرہ شامل ہیں۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے شیئر رجسٹرار میسرز ایرو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے اور اپنے رابطہ نمبرز میں کسی بھی تبدیلی کے متعلق فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ایرو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ 404، فورتھ فلور، لریڈ ٹاور، عبداللہ ہارون روڈ، نزد میٹروپولیٹن ہوٹل، صدر، کراچی کو مطلع کریں۔

• ڈائریکٹرز کا انتخاب:
کوئی بھی ممبر جو ڈائریکٹرز کے عہدے کے لیے انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتا ہے یا بصورت دیگر، وہ کمپنی کے ہیڈ آفس میں سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)159 کے مطابق بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے کے اپنے ارادے کا نوٹس فائل کرے گا، بشمول:

(a) فارم 28 پر ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی، جس پر امیدوار کی جانب سے دستخط ہوں؛
(b) ایس آر او (1)1196 تاریخ 3 اکتوبر 2019 کے مطابق AGM کی تاریخ سے سات (7) دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر تعمیلی کے لیے دفتر کے پتے کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل؛
(c) ان کا فولیو نمبر/ CDC سرمایہ کار اکاؤنٹ نمبر/ CDC شراکت دار اکاؤنٹ نمبر/ ڈیلی اکاؤنٹ نمبر۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے لیے، ضامندی داخل کرنے کے وقت انہیں کمپنی کا رکن ہونا ہوگا ماسوائے اس فرد کے جو کسی ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جس کا حقیقی تعلق نہیں ہے؛
(d) ایک اعلامیہ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ:
a وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے فہرست سازی کے ضوابط کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے اور
b لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز ایکٹ، 2017 میں بیان کردہ اہلیت کے معیار کے حوالے سے آگاہی کے سلسلے میں اعلان/ حلف نامہ؛
دفعہ (4)159 کے مطابق انتخاب میں حصہ لینے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے سات دن قبل جاری کی جائے گی۔

• کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 کے تحت بیان — کہ الہ خود مختار آزاد ڈائریکٹرز:
خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018 کے تحت خود مختاری کے لیے وضع کردہ قابل اطلاق معیار کے مطابق کیا جائے گا۔ مزید برآں، پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں ان کے نام کے تحت جاری کردہ ضوابط اور ان کے نام درج ہوں۔ تاہم، امیدوار کا انتخاب اس